ورک شیٹ:5 جماعت:سوم صدیق پبلک سکول

**سوالنمبر:1۔ جملے کی مناسبت سے درست مذکر/مونث منتخب کر کے خالی جگہ پُر کیجیے۔**

| | |
|---|---|
| ممانی | ہرن |
| لومڑ | چیونٹی |

1۔ چیونٹا اور ________ خوراک کی تلاش میں بل سے باہر نکلے۔

2۔ میرے ماموں اور ________ نے اِس سال حج کا فریضہ ادا کیا۔

3۔ ________ اور ہرنی ندی کے کنارے گھاس چَر رہے تھے۔

4۔ ________ اور لومڑی نے خرگوش کا شکار کیا۔

**اسم نکرہ:** وہ اسم جو کسی عام شخص، جگہ یا چیز کے لیے بولا جائے۔ مثلاً کتاب، لڑکا، درخت وغیرہ۔

**اسم معرفہ:** وہ اسم جو کسی خاص شخص، جگہ یا چیز کا نام ظاہر کرے۔ مثلاً قُرآن مجید، فیصل مسجد، کراچی وغیرہ۔

**سوالنمبر:2۔ کالم (الف) میں دیے گئے اسم نکرہ کالم (ب) میں دیے گئے درست اسم معرفہ سے ملائیے۔**

| کالم (الف) | کالم (ب) |
|---|---|
| کھیل | ظہر |
| مہینا | نانگا پربت |
| موسم | ہاکی |
| نماز | محرم الحرام |
| پہاڑ | خزاں |

**سوالنمبر:3۔ نیچے دی گئی فہرست میں سے اسم نکرہ اور اسم معرفہ الگ کیجیے۔**

دریائے سندھ ۔ دروازہ ۔ صُوبہ پنجاب ۔ قلم ۔ مشین ۔ مولانا عبدالستار ایدھی

| اسم نکرہ | اسم معرفہ |
|---|---|
| ☆________ | ☆________ |
| ☆________ | ☆________ |
| ☆________ | ☆________ |

LIVEWORKSHEETS